کوئٹہ (ن ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت بلوچستان انرجی کمپنی لمیٹڈ (BECL) کے اجلاس میں کمپنی کی موجودہ کارکردگی، مستقبل کے منصوبوں اور ادارہ جاتی حکمت عملی پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ چیف سیکرٹری نے کمپنی انتظامیہ کو ہدایت کی کہ تین ماہ کے اندر ایک جامع، قابل عمل اور شفاف بزنس پلان تیار کیا جائے جس میں کمپنی کے وسائل، منصوبوں، آمدنی کے ذرائع، انتظامی اصلاحات اور عوامی مفاد کو موثر انداز میں شامل کیا جائے۔ اجلاس میں بلوچستان انرجی کمپنی لمیٹڈ کے حکام نے کمپنی کے ادارہ جاتی احاطے، جاری .... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

منصوبوں، مالی و انتظامی صورتحال، ممکنہ سرمایہ کاری کے مواقع اور توانائی کے شعبے میں صوبے کیلئے دستیاب مواقع پر بریفنگ دی۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ بلوچستان انرجی کمپنی صرف ایک انتظامی ادارہ نہیں بلکہ صوبے کی توانائی کی خود کفالت، سرمایہ کاری کے فروغ اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے ایک اہم پلیٹ فارم ہے انہوں نے ہدایت کی کہ تین ماہ کے اندر ایک جامع بزنس پلان تیار کیا جائے، جس میں مختصر، درمیانی اور طویل مدتی اہداف کے علاوہ ذمہ داریاں، ٹائم لائنز، مالی وسائل اور نگرانی کا واضح نظام شامل ہو انہوں نے کہا کہ بزنس پلان محض دستاویز نہیں ہونا چاہیے بلکہ یہ ایک ایسا عملی روڈ میپ ہونا چاہیے جس کے نتائج قومی مفاد اور عوامی خدمت کے لحاظ سے واضح طور پر نظر آئیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان انرجی کمپنی کو اپنی حکمت عملی ایسے انداز میں مرتب کرنی چاہیے جس میں صوبے کی توانائی کی ضروریات، مقامی وسائل کا بہترین استعمال، شفافیت، احتساب اور پائیدار ترقی کو مرکزی حیثیت حاصل ہو۔ انہوں نے کہا کہ کمپنی کو اپنے منصوبوں میں نجی شعبے، بین الاقوامی اداروں اور متعلقہ صوبائی و وفاقی اداروں کے ساتھ موثر شراکت داری کے مواقع تلاش کرنے چاہئیں تاکہ صوبے کے توانائی کے شعبے کو مستحکم اور خود کفیل بنایا جاسکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 28 OCT 2026 Page No. 14

گندم گودام ڈی سیل کیس، سیکرٹری اور ڈی جی خوراک بلوچستان ہائیکورٹ میں طلب

سرکاری گندم کے ذخیرے اور خریداری، تقسیم سمیت دیگر معاملات پر تفصیلی رپورٹس پیش کرنے کا حکم

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان ہائی کورٹ کے جسٹس اقبال احمد کاسی اور جسٹس میاں محمد رؤف عطاء پر مشتمل بنچ نے صوبے میں سرکاری گندم کے ذخیرے، گوداموں کی تحویل، گندم کی خریداری، تقسیم اور مبینہ طور پر سرکاری گودام ڈی سیل کرکے گندم کا استعمال کیے جانے کے معاملے پر سیکرٹری محکمہ خوراک اور ڈائریکٹر جنرل محکمہ خوراک کو آئندہ سماعت پر ذاتی حیثیت میں پیش ہونے اور مختلف امور پر تفصیلی رپورٹس پیش کرانے کا حکم دے دیا ہے۔ عدالت نے یہ حکم آئینی درخواست کی سماعت کے دوران دیا۔ سماعت کے دوران محکمہ خوراک کے ڈائریکٹر محمد رحیم ناگڑی کے بیان اور پیش کردہ وضاحت کا جائزہ لیا گیا جسے عدالت نے غیر تسلی بخش قرار دیا۔ سماعت کے دوران درخواست گزار کے وکیل صاحب خان ہاشمی، اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل اور ڈائریکٹر محکمہ خوراک محمد رحیم ناگڑی عدالت میں پیش ہوئے۔ ڈائریکٹر محکمہ خوراک نے موقف اختیار کیا کہ درخواست گزار نے مبینہ طور پر سرکاری گندم کے گودام کو غیر مجاز طور پر ڈی سیل کرکے مجاز اتھارٹی کی پیشگی اجازت کے بغیر وہاں موجود گندم کا ذخیرہ اپنے قبضے میں لے لیا تھا۔ عدالت کے استفسار پر کہ آیا اس معاملے میں درخواست گزار کے خلاف کوئی قانونی کارروائی شروع کی گئی یا ایف آئی آر درج کرائی گئی، ڈائریکٹر محکمہ خوراک نے بتایا کہ اعلیٰ حکام کو تحریری درخواستیں جمع کرائی گئی ہیں تاہم کوئی ایف آئی آر درج نہیں ہوئی۔

بلوچستان ہائیکورٹ، ایم ڈی کیٹ کے تمام سوال نامے اپ لوڈ کرنیکا حکم

امتحان کی شفافیت یقینی بنانے کیلئے عدالت عالیہ نے امیدواروں کی آئینی درخواست منظور کرلی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) عدالت عالیہ بلوچستان کے جسٹس محمد عامر نواز رانا اور جسٹس عبدالقیوم لہڑی پر مشتمل دو رکنی بنچ نے میڈیکل کالجز میں داخلوں کے لیے منعقدہ ایم ڈی کیٹ 2026ء میں حصہ لینے والے امیدواروں کی آئینی درخواست منظور کرتے ہوئے بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کو حکم دیا ہے کہ تین روز کے اندر ایم ڈی کیٹ کے تمام سوال نامے یونیورسٹی کی آفیشل ویب سائٹ پر اپ لوڈ کیے جائیں تاکہ امتحان کی شفافیت کو یقینی بنایا جائے۔ درخواست گزاروں کی جانب سے آئینی درخواست کی پیروی نصیب اللہ ترین ایڈووکیٹ اور دوست محمد مندوخیل ایڈووکیٹ نے کی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 28 OCT 2026

Page No. 15

کرخ خضدار میں کامیاب آپریشن قابل اطمینان ہے' شاہد رند

دہشت گردی کے خاتمے تک مؤثر اقدامات جاری رکھنا ضروری ہیں، معاون اطلاعات

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) معاون وزیر اعلیٰ برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے خضدار کے علاقے کرخ میں سیکیورٹی فورسز کے کامیاب آپریشن پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پولیس اور ایف سی کی مشترکہ کاوشیں قابل تحسین ہیں۔ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 5 دہشت گردوں کی ہلاکت سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس اور ایف سی نے بروقت کارروائی کرکے دہشت گردی کے خلاف مؤثر عزم کا مظاہرہ کیا۔ بلوچستان میں امن و امان کے قیام اور شہریوں کے تحفظ کیلئے اداروں کی خدمات قابل قدر ہیں۔

دہشت گردی کے خلاف مؤثر اقدامات جاری ہیں' بابر یوسف زئی

کرخ میں کامیاب آپریشن میں 5 دہشتگردوں کی ہلاکت اہم پیش رفت ہے' معاون داخلہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) معاون داخلہ بابر یوسف زئی نے خضدار کے علاقے کرخ میں سیکیورٹی فورسز کے کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 5 دہشت گردوں کی ہلاکت کو اہم پیش رفت قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ کارروائی دہشت گردی کے خلاف مؤثر اقدامات کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن و امان کے قیام اور شہریوں کے تحفظ کے لیے سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری ہیں۔ دہشت گردی کے خاتمے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے تمام متعلقہ ادارے اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ امن دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں قانون کے مطابق جاری رہیں گی اور عوام کے تحفظ اور پائیدار امن کے قیام کے لیے سیکیورٹی ادارے پرعزم ہیں۔

کشمیریوں کی سیاسی وسفارتی حمایت جاری رہے گی' عبدالخالق اچکزئی

انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر عالمی برادری سنجیدگی سے توجہ دے، اسپیکر بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی نے کہا ہے کہ مسئلہ کشمیر کو عالمی سطح پر اجاگر، انسانی حقوق کے تحفظ اور پائیدار امن کے قیام کے لیے مسلسل اور مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں کسی بھی خطے میں ظلم و جبر اور بنیادی انسانی حقوق کی پامالی قابل مذمت اور انصاف، امن اور انسانی وقار کا تحفظ عالمی برادری کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ یہ بات انہوں نے آل پارٹیز حریت کانفرنس آزاد جموں و کشمیر چیپٹر کے کنوینر سید فیض نقشبندی سے بات چیت کرتے ہوئے کہی ملاقات میں مسئلہ کشمیر، کشمیری عوام کی جدوجہد اور مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اسپیکر نے کہا کہ کشمیری عوام کے ساتھ یکجہتی اور ان کے جائز حقوق کی حمایت پاکستان کے عوام کے جذبات کی عکاس ہے۔ پاکستان کشمیری عوام کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا اور مسئلہ کشمیر کے پرامن حل کے لیے عالمی سطح پر مؤثر آواز اٹھانا ضروری ہے۔

MASHRIQ QUETTA

ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ کا کلی شابو و عالمو کا دورہ

بشیر احمد بزنجو کی علاقے میں صفائی کیلئے مؤثر اقدامات اٹھانے کی یقین دہانی

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان علی احمد لانگو کی درخواست پر ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن بشیر احمد بزنجو نے حاجی محمد انور لہڑی اور متعلقہ اسٹاف کے ہمراہ کلی شابو و عالمو کا دورہ کیا اور علاقے میں برساتی نالے، صفائی ستھرائی اور شہری سہولیات کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر سیاسی و سماجی رہنما ظاہر ضمیر لانگو، نیشنل پارٹی تحصیل کے نائب صدر عثمان بلوچ اور علاقہ مکین بھی موجود تھے۔ علی احمد لانگو نے ایڈمنسٹریٹر کو علاقے کے بنیادی مسائل سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ برساتی نالے کی بروقت صفائی نہ ہونے سے .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

گندگی اور تعفن میں اضافہ ہو رہا ہے، جبکہ شہریوں کو روزمرہ زندگی میں مشکلات کا سامنا ہے۔ ایڈمنسٹریٹر بشیر احمد بزنجو نے علاقے کے مسائل کا موقع پر جائزہ لیتے ہوئے یقین دہانی کرائی کہ برساتی نالے کی جلد مکمل صفائی کرائی جائے گی اور علاقے سے گندگی کے خاتمے کیلئے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے۔ علی احمد لانگو نے مین روڈ پر موجود کھلے مین ہولز کی بھی نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ یہ شہریوں، بالخصوص بچوں، خواتین اور بزرگوں کیلئے کسی بھی وقت حادثے کا سبب بن سکتے ہیں۔ ایڈمنسٹریٹر نے کھلے مین ہولز کی جلد تعمیر اور انہیں محفوظ بنانے کی یقین دہانی کرائی۔ علی احمد لانگو نے ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن بشیر احمد بزنجو کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ان کی عوامی مسائل کے حل میں اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ نیشنل پارٹی عوامی مسائل کی نشاندہی اور ان کے حل کیلئے اور شہری سہولیات کی بہتری کے لیے متعلقہ اداروں سے رابطہ جاری رکھے گی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 28 OCT 2026 Page No. 16

بلوچستان کے وکلا کی ملاقات — مشکل حالات میں عدالتوں کی فعالیت عدلیہ کی مضبوطی ہے، یحییٰ آفریدی

وکلا کی پیشہ ورانہ استعداد بڑھانے کے لیے مسلسل قانونی تعلیم بنیادی اہمیت رکھتی ہے، تربیت کے دوران حاصل کردہ علم کو مؤثر قانونی پریکٹس میں بروئے کار لایا جائے

عدالتی انفراسٹرکچر کی بہتری کے منصوبے بڑی حد تک مکمل ہیں، صرف 6 عدالتی کمپلیکس میں تکنیکی مسائل کے باعث کام باقی ہے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) بلوچستان سے تعلق رکھنے والے 51 وکلا پر مشتمل وفد کی چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ آفریدی سے سپریم کورٹ میں ملاقات کی، جس میں وفد فیڈرل جوڈیشل اکیڈمی کے مسلسل قانونی تعلیم کے تربیتی پروگرام میں شریک ہوئے۔ بلوچستان بار کونسل کی جانب سے صوبے کی مختلف بار ایسوسی ایشنز سے 51 وکلا کو تربیتی پروگرام کے لیے نامزد کیا گیا ہے، وفد میں کوئٹہ، تربت، خضدار، پشین، ژوب، مکران، قلات، سبی اور بلوچستان کے دیگر اضلاع کے وکلا شامل تھے۔ چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ آفریدی نے بلوچستان کے وکلا کا خیر مقدم کیا اور پیشہ ورانہ تربیت کے لیے فیڈرل جوڈیشل بقیہ نمبر 44 صفحہ 5 پر

اکیڈمی کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ وکلا کی پیشہ ورانہ استعداد بڑھانے کے لیے مسلسل قانونی تعلیم بنیادی اہمیت رکھتی ہے، تاہم وکلا پیشہ ورانہ مہارت میں اضافے کے لیے مسلسل علم حاصل کریں اور اعلیٰ اخلاقی معیارات کی پاسداری کریں۔ انہوں نے کہا کہ تربیت کے دوران حاصل کردہ علم کو مؤثر قانونی پریکٹس میں بروئے کار لایا جائے، تربیتی پروگرام کے شرکا فیڈرل جوڈیشل اکیڈمی اور پاکستان کی عدلیہ کے سفیر ہیں، تربیت حاصل کرنے والے وکلا اپنا علم اور تجربہ دیگر وکلا تک منتقل کریں۔ چیف جسٹس آف پاکستان نے کہا کہ وکلا نظام انصاف پر عوامی اعتماد مضبوط بنانے میں اپنا مؤثر کردار ادا کریں۔ چیف جسٹس آف پاکستان نے وفد کو ملک بھر میں عدالتی انفراسٹرکچر کی بہتری کے اقدامات سے آگاہ کیا۔ انصاف تک رسائی ترقیاتی فنڈ کے تحت ملک بھر کے عدالتی کمپلیکس اور بار رومز میں بنیادی سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ عدالتی کمپلیکس اور بار رومز میں سولرائزیشن، انٹرنیٹ سے منسلک ای لائبریریز اور پینے کے صاف پانی کی سہولیات فراہم کی گئیں، خواتین کے لیے مخصوص سہولیات کی فراہمی بھی اصلاحاتی اقدامات کا حصہ ہے۔ چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ آفریدی نے کہا کہ عدالتی انفراسٹرکچر کی بہتری کے منصوبے بڑی حد تک مکمل ہیں، صرف 6 عدالتی کمپلیکس میں تکنیکی مسائل کے باعث کام باقی ہے، وکلا فراہم کردہ جدید سہولیات سے بھرپور استفادہ کریں، تاہم وکلا پیشہ ورانہ استعداد بڑھانے کے لیے فیڈرل جوڈیشل اکیڈمی کے آن لائن تربیتی پروگرامز سے فائدہ اٹھائیں۔ انہوں نے کہا کہ وکلا اپنی پیشہ ورانہ مہارت بہتر بنانے کے لیے جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کریں، مشکل حالات میں بھی عدالتوں کا فعال رہنا اور انصاف کی فراہمی جاری رکھنا عدالتی اداروں کی مضبوطی کا مظہر ہے۔ چیف جسٹس آف پاکستان نے قانون کی حکمرانی کے لیے جوڈیشل افسران اور وکلا کی ثابت قدمی اور خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ نظام انصاف کی مضبوطی کے لیے وکلا کی مسلسل تربیت، پیشہ ورانہ اخلاقیات اور جدید ٹیکنالوجی کا استعمال اہم ہے۔

حب ڈیم بارشیں نہ ہونے کے سبب ذخیرہ تیزی سے کم، پانی کی سطح 321 فٹ پر آگئی

لسبیلہ کینال کو حصے سے کم پانی کی فراہمی، بلوچستان کا حصہ 160 کیوسک، صرف 90 سے 95 کیوسک دیا جا رہا ہے، ایکسین اری گیشن عدیل فیض

محدود مقدار میں دستیاب پانی سے ضروریات پوری کرنا مشکل، بارشیں نہ ہونے کا سلسلہ برقرار رہا تو ڈیم کا ڈیڈ لیول تک پہنچنے کا خدشہ ہے، میڈیا سے گفتگو

حب (نمائندہ انتخاب) حب ڈیم کے کیچمنٹ ایریا میں بارشیں نہ ہونے کے باعث پانی کی سطح تیزی سے کم ہو کر 339 فٹ سے 320 فٹ پر آگئی ہے، جبکہ ڈیم میں پانی کا ذخیرہ صرف 19 فٹ رہ گیا ہے۔ بارشیں نہ ہونے کا سلسلہ برقرار رہا تو ڈیم کا پانی ڈیڈ لیول تک پہنچنے کا خدشہ بھی ظاہر کیا بقیہ نمبر 69 صفحہ 5 پر

جا رہا ہے۔ ایکسین اری گیشن حب عدیل فیض نے گزشتہ روز اپنے دفتر میں زمینداروں کے وفد اور میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ 1982ء کے معاہدے کے تحت حب ڈیم سے بلوچستان کا حصہ 160 کیوسک پانی ہے، تاہم اس وقت لسبیلہ کینال کو 90 سے 95 کیوسک پانی فراہم کیا جا رہا ہے، جو حب کی بڑھتی ہوئی آبادی، صنعتوں اور زراعت کی ضروریات کے لیے ناکافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ محدود مقدار میں دستیاب پانی سے شہریوں، صنعتوں اور زمینداروں کی ضروریات پوری کرنا مشکل ہو رہا ہے۔ عدیل فیض کے مطابق محکمہ اری گیشن کی جانب سے لسبیلہ کینال پر پیٹرولنگ مؤثر انداز میں جاری ہے اور حال ہی میں کینال ایریا میں غیر قانونی طور پر نصب کی گئی متعدد پائپ لائنیں اکھاڑ کر قبضے میں لے لی گئی ہیں، جبکہ مزید کارروائیاں بھی کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ کی کوشش ہے کہ حب کے عوام اور صنعتوں کو بہتر انداز میں پانی فراہم کیا جائے۔ دوسری جانب ذرائع کے مطابق حب ڈیم سے کراچی جانے والی حب کینال کو اس کے مقررہ حصے سے زیادہ پانی فراہم کیا جا رہا ہے، جبکہ لسبیلہ کینال کو اس کے حصے سے کم پانی ملنے کے باعث علاقے میں پانی کی قلت کے مسائل بڑھ رہے ہیں۔ اس موقع پر زمیندار رہنما سیاہ پاؤ سمیت دیگر افراد بھی موجود تھے۔

شرح خواندگی، پنجاب سبقت لے گیا، بلوچستان کا چوتھا نمبر

سندھ دوسرے اور کے پی تیسرے نمبر پر براجمان، ملک بھر میں شہری علاقوں کی مجموعی شرح خواندگی 74 فیصد

لاہور (این این آئی) شرح خواندگی کے اعداد و شمار میں پنجاب سبقت لے گیا، گزشتہ دو سالوں میں پاکستان کی قومی شرح خواندگی 60 فیصد کی نفسیاتی حد عبور کر کے 63 فیصد ہوگئی۔ سرفہرست پنجاب میں خواندگی کی شرح 66.26 فیصد سے بڑھ کر 68 فیصد پر پہنچ گئی، دوسرے نمبر پر سندھ میں خواندگی بقیہ نمبر 71 صفحہ 5 پر

کی شرح 57.54 فیصد سے 58 فیصد، تیسرے نمبر پر خیبر پختونخوا میں خواندگی کی شرح 51.09 فیصد سے 58 فیصد تک چلی گئی ہے جبکہ صوبہ بلوچستان میں خواندگی کی شرح 42.01 فیصد سے بڑھ کر 49 فیصد کے درمیان ہے جو ملک میں سب سے کم ہے۔ تفصیلات کے مطابق ملک کے تمام صوبوں میں پنجاب تعلیمی شرح میں سب سے آگے ہے جبکہ بلوچستان میں یہ شرح سب سے کم ہے۔ پنجاب میں مجموعی شرح خواندگی 68 فیصد جس میں 75 فیصد مرد جبکہ 62 فیصد خواتین شامل ہیں۔ سندھ میں مجموعی شرح خواندگی 58 فیصد جس میں مرد 68 فیصد اور خواتین 47 فیصد، خیبر پختونخوا میں مجموعی شرح خواندگی 58 فیصد جس میں 73 فیصد مرد اور 43 فیصد خواتین، بلوچستان میں مجموعی شرح خواندگی 49 فیصد جس میں مرد 61 فیصد اور خواتین 37 فیصد ہیں۔ سو سالہ سطح پر ملک بھر میں شہری علاقوں کی مجموعی شرح خواندگی 74 فیصد جبکہ دیہی علاقوں میں یہ 55 فیصد ہے۔ پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف ایجوکیشن اور وزارت تعلیم کے مطابق ملکی سطح پر بنیادی تعلیمی اداروں کے اعداد و شمار کے مطابق ملک میں کل تعلیمی اداروں کی تعداد 342,547 بتائی جاتی ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 28 OCT 2026 Page No. 17

تربت میں یوم سیاہ کے موقع پر کشمیری عوام کیساتھ اظہار یکجہتی ریلی

کشمیری عوام کی حق خودارادیت کیلئے دی جانیوالی قربانیاں فراموش نہیں کی جا سکتیں، اے سی حنیف کبزئی

تربت (آئی این پی) ملک کے دیگر حصوں کی طرح ضلع کیچ کے ہیڈکوارٹر تربت میں بھی یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر کشمیری عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لئے ریلی نکالی گئی۔ اس سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر تربت محمد حنیف کبزئی کی قیادت میں ریلی ڈپٹی کمشنر آفس تربت

بقیہ نمبر 30 صفحہ 5 پر

سے شروع ہوئی جو کمشنر آفس، ڈی سی آفس سے ہوتی ہوئی ایف سی ایچ او چوک پہنچی۔ بعد ازاں ریلی مختلف مقامات سے گزرتی ہوئی واپس ڈپٹی کمشنر آفس پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی۔ ریلی میں سرکاری محکموں کے افسران، ملازمین، سول سوسائٹی کے نمائندوں اور عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شرکاء نے کشمیری عوام کے حق میں بینرز اور پاکستان و کشمیر کے پرچم اٹھا رکھے تھے۔ اس موقع پر کشمیری عوام کے ساتھ بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا گیا۔ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر تربت محمد حنیف کبزئی نے کشمیری عوام کی جدوجہد اور لازوال قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام نے اپنے حق خودارادیت کے حصول کے لئے بے پناہ قربانیاں دی ہیں جنہیں کسی صورت فراموش نہیں کیا جا سکتا۔

ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کیلئے ریلی

27 اکتوبر تاریخ کا سیاہ دن، پاکستانی قوم اپنے کشمیری بھائیوں کیساتھ ہیں، ڈپٹی کمشنر مہراللہ بادینی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کے زیر اہتمام کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کے لئے ریلی نکالی گئی، جس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی، تحریک آزادی کے رہنما سید فیض نقشبندی، وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، معاون خصوصی برائے داخلہ بابر یوسفزئی، انتظامی افسران اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ریلی ڈپٹی کمشنر آفس کوئٹہ سے شروع ہوئی اور مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی سریاب چوک پر اختتام پذیر ہوئی۔ شرکاء نے کشمیری عوام کے ساتھ بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا اور ان کے حق خودارادیت کی حمایت میں نعرے لگائے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے خطاب

بقیہ نمبر 17 صفحہ 5 پر

کرتے ہوئے کہا کہ 27 اکتوبر کشمیری تاریخ کا سیاہ دن ہے جب 1947 میں بھارتی افواج نے جموں و کشمیر میں داخل ہو کر قبضے کا آغاز کیا۔ یہ دن کشمیری عوام کی جدوجہد، قربانیوں اور حق خودارادیت کی یاد دلاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی قوم کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ کھڑی ہے اور ان کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گی۔

ہرنائی میں یوم سیاہ کشمیر پر کار ریلی، بھارتی مظالم کے خلاف نعرے بازی

ضلعی انتظامیہ کی قیادت میں ریلی اور سیمینار، کشمیریوں کے حق خودارادیت کی حمایت کا اعادہ

ہرنائی (نامہ نگار) ضلعی انتظامیہ ہرنائی کے زیر اہتمام 27 اکتوبر یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کے لیے کار ریلی نکالی گئی، جو ڈپٹی کمشنر آفس سے شروع ہو کر گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول ہرنائی پر اختتام پذیر ہوئی۔ ریلی کی قیادت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد سلیم ترین نے کی، جس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر غلام حیدر ترین، اسسٹنٹ کمشنر اسرار احمد، ڈی ایس پی غلام محمد کھوسہ، مختلف تھانوں کے ایس ایچ اوز، سرکاری افسران، اساتذہ، طلبہ اور شہریوں نے شرکت کی۔ شرکاء نے کشمیری پرچم اٹھا رکھے تھے اور کشمیری عوام سے یکجہتی کے حق میں نعرے لگائے۔ ریلی کے اختتام پر گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول میں سیمینار منعقد ہوا، جس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ 27 اکتوبر 1947 کو بھارتی فوجیں کشمیر میں داخل ہوئیں، اسی لیے یہ دن کشمیری عوام کے لیے یوم سیاہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسئلہ کشمیر کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق حل ہونا چاہیے۔ عالمی برادری سے مطالبہ کیا گیا کہ وہ مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لے اور کشمیری عوام کو حق خودارادیت دلانے کے لیے اپنا کردار ادا کرے۔ سیمینار کے اختتام پر کشمیری شہداء کے درجات کی بلندی اور پاکستان کی سلامتی و خوشحالی کے لیے دعا کی گئی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 28 OCT 2026

Page No. 18

سرداری و نوابی نظام اسٹیبلشمنٹ کے بل بوتے پر زندہ ہے، مولانا ہدایت الرحمن

نظام دم توڑ چکا، اسمبلی کو قرارداد مسترد کرنے کا اختیار نہیں اب نواب و سردار مراعات نہیں لے سکتے، صوبائی امیر جماعت اسلامی

بلوچستان کے لوگ مر رہے ہیں، عوامی نمائندے ان کی دادرسی کیلئے کوئی اقدام نہیں اٹھا رہے، ایم پی اے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) جماعت اسلامی بلوچستان کے امیر اور حق دو تحریک کے رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ بلوچستان میں سرداری اور نوابی نظام اسٹیبلشمنٹ کے بل بوتے پر زندہ ہے اگر ان سے سیکورٹی واپس لی جائے تو یہ اپنے گھر میں نہیں رہ سکیں گے اس وقت سرداری نظام دم توڑ چکا ہے اسمبلی کو قرارداد مسترد کرنے کا اختیار نہیں کیونکہ اس نظام کو پاکستان میں ختم کیا گیا ہے لہٰذا وہ مراعات نہیں لے سکتے جس طرح سرداری نوابی نظام کے خاتمے اور ان کے نام کونہ لکھنے کے خلاف پیش کی گئی قرارداد پر تکلیف ہوئی ہے اتنی مائنز.........

بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

اینڈ ایکٹ پر نہیں ہوئی تھی یہ بات انہوں نے منگل کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی اس موقع پر جماعت اسلامی کے صوبائی نائب امیر زاہد اختر بلوچ، عبدالنعیم رند، مولانا عبدالکبیر شاکر، جمیل مشوانی، عبدالولی شاکر، عارف دمڑ، محمد طیب، نور علی ننگڑی سمیت دیگر بھی موجود تھے مولانا ہدایت الرحمان نے کہا کہ گزشتہ ڈھائی سالوں کے دوران بلوچستان اسمبلی کے ممبر کی حیثیت سے پی ایس ڈی پی کو اپنے پاؤں کی زنجیر نہیں بننے دیا اس وقت بلوچستان کے لوگ مر رہے ہیں عوامی نمائندے ان کی دادرسی اور مشکلات کو کم کرنے کیلئے کوئی اقدام نہیں اٹھا رہے ہیں اور اپوزیشن کو اس صورتحال میں کچھ نظر نہیں آرہا کیونکہ یہ فرینڈلی نہیں بلکہ کوئی اور اپوزیشن ہے جو وزراء کی طرح فائدہ اٹھاتے ہیں انہوں نے کہا کہ انگریز دور میں سنڈیمن کے منتخب کردہ سردار اور نواب ہیں ان کو ماہانہ تنخواہ ملتی تھی 1885 کے معاہدات ہوئے ہیں انگریزوں کی بگھی کھینچتے تھے اور بگھی کھینچنے والوں کو 500 روپے تنخواہ ملتی تھی۔

عوام کو تحفظ فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، پشتونخوا نیپ

ملک سراج الدین کاکڑ کا اغوا، قابل مذمت، ملوث عناصر کو گرفتار کیا جائے

عوام کو محض یقین دہانیوں کی بجائے عملی اقدامات اور تحفظ کی ضرورت ہے، بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے پارٹی مرکزی کمیٹی کے رکن اور سورینج کے علاقائی سیکرٹری ملک نورالدین کاکڑ کے 29 سالہ فرزند سراج الدین کاکڑ کو مسلح افراد کی جانب سے دن دیہاڑے اسلحے کے زور پر اغوا کرنے کے واقعہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور قانون کی حکمرانی کیلئے سنگین چیلنج قرار دیا ہے۔ پارٹی نے مطالبہ کیا ہے کہ مغوی کی فوری اور بحفاظت بازیابی یقینی بنائی جائے اور واقعہ میں ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ پارٹی کے بیان کے مطابق سراج الدین ولد ملک.........

بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

نورالدین کاکڑ، قوم کاکڑ یاسینزئی، کو 19 اکتوبر بروز پیر پی ایم ڈی سی سورینج کول مائنز ایریا میں واقع ایک دکان سے مسلح افراد نے اغوا کیا واقعہ کو کئی دن گزرنے کے باوجود مغوی کی بازیابی نہ ہونا اہل خانہ اور علاقے کے عوام میں شدید تشویش اور عدم تحفظ کا باعث ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ شہریوں کو اپنے کاروبار اور روزمرہ زندگی میں تحفظ فراہم کرنا حکومت اور متعلقہ اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ اگر شہری دن دیہاڑے اغوا کئے جائیں اور ان کی بازیابی کے لیے موثر اقدامات نظر نہ آئیں تو امن و امان سے متعلق سرکاری دعوؤں پر سوالات اٹھنا فطری ہے۔

JANG QUETTA

خودکش حملے حرام، تمام مذاہب کی تعلیمات کے منافی ہے، پیغامِ امن کمیٹی

کوئٹہ میں اجلاس، ریاست کے خلاف مسلح کارروائیوں کو حرام اور ملکی امن کے منافی قرار دیدیا گیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) قومی پیغام امن کمیٹی، حکومت پاکستان اور صوبائی پیغام امن کمیٹی، حکومت بلوچستان کے زیر اہتمام تمام مکاتب فکر کے علماء و مشائخ اور مختلف مذاہب کے قائدین کا اہم مشترکہ اجلاس چیئرمین پاکستان علماء کونسل و کوآرڈینیٹر قومی پیغام امن کمیٹی حافظ محمد طاہر محمود اشرفی کی زیر صدارت ہوا۔ اجلاس میں مولانا علی محمد ابوتراب، ڈاکٹر آصف میر، مفتی یوسف کشمیری، مولانا سید سمیع اللہ آغا، مولانا قاسم حقانی، علامہ نصراللہ حسینی، مفتی محمد جان قاسمی، مولانا حزب اللہ حقانی، مولانا سمیع اللہ اعوان، مولانا عبدالرحمن، مولانا عبداللہ حقانی، مفتی عمر فاروق، مولانا عبدالرحمان سلفی، پاسٹر ساجن بشیر، سردار جسبیر سنگھ اور دیگر علماء و مشائخ اور مختلف مذاہب کے قائدین شریک ہوئے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4 Dated: 28 OCT 2026 Page No. 19

فورسز کا خضدار کے علاقے کرخ میں آپریشن فتنہ الہندوستان کے 5 دہشتگرد ہلاک

صوبے میں پائیدار امن اولین ترجیح ہے، وزیراعلیٰ

ہلاک دہشت گرد ڈی آئی جی پولیس اور ایس ایس پی پولیس کے قافلے پر حملے میں ملوث تھے، قبضے سے بھاری تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود، دستی بم برآمد کر لئے گئے، سیکورٹی حکام

بلوچستان میں امن وامان کا قیام اور عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی اہم ذمہ داری، قانون نافذ کرنے والے ادارے اس مقصد کے لیے قابل قدر خدمات انجام دے رہے ہیں، میر سرفراز بگٹی

امن کے قیام کیلئے سیکورٹی اداروں کی پیشہ ورانہ کاوشیں اور عوام کا تعاون ناگزیر ہے، صوبے میں امن کو نقصان پہنچانے کی کسی بھی کوشش سے قانون کے مطابق نمٹا جائے گا، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر، ث ن) سیکورٹی فورسز کا خضدار کے علاقے میں کرخ انٹیلی جنس بیسڈ ٹارگٹڈ آپریشن کے دوران فائرنگ کے دوران فتنہ الہندوستان کے 5 دہشت گردوں کو ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کرلیا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق مارے جانے والے دہشت گرد پولیس پر حملے میں ملوث تھے گزشتہ روز سیکورٹی فورسز کی جانب سے کرخ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 5 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا اور ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود، دستی بم برآمد کرلئے سیکورٹی ذرائع کے مطابق دہشت گرد گزشتہ روز ڈی آئی جی پولیس اور ایس ایس پی پولیس کے قافلے پر حملے میں ملوث تھے۔ سیکورٹی فورسز کی یہ کارروائی دہشت گردی کے خاتمے شہریوں کے تحفظ اور علاقے میں امن وامان برقرار رکھنے کے عزم کی عکاس ہے امن و استحکام کے لئے سیکورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری ہے۔ دوسری جانب۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع خضدار کے علاقے کرخ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران پانچ دہشت گردوں کی ہلاکت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے پولیس اور فرنٹیئر کور (ایف سی) کی کاوشوں کو سراہا ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ خضدار کے علاقے کرخ میں پولیس اور ایف سی کی کامیاب کارروائی دہشت گردی کے خلاف قانون نافذ کرنے والے اداروں کے عزم، پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور باہمی ہم آہنگی کی عکاس ہے۔ انہوں نے کہا کہ خفیہ اطلاعات کی .... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

بنیاد پر موثر کارروائی کرتے ہوئے پانچ دہشت گردوں کو ہلاک کرنا امن دشمن عناصر کے خلاف جاری کوششوں میں اہم پیش رفت ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں امن وامان کا قیام اور عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی اہم ذمہ داری ہے۔ پولیس، ایف سی اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے اس مقصد کے لیے قابل قدر خدمات انجام دے رہے ہیں، جنہیں سراہا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف موثر حکمت عملی کے لیے انٹیلی جنس معلومات کا بروقت تبادلہ، اداروں کے درمیان مربوط تعاون اور قانون کے مطابق کارروائیاں بنیادی اہمیت رکھتی ہیں۔ صوبے میں امن کو نقصان پہنچانے کی کسی بھی کوشش سے قانون کے مطابق نمٹا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صوبے میں پائیدار امن کے قیام اور شہریوں کے تحفظ کے لیے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی معاونت جاری رکھی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ امن کے قیام کے لیے سیکورٹی اداروں کی پیشہ ورانہ کاوشیں اور عوام کا تعاون ناگزیر ہیں۔

نوشکی گرلز ڈگری کالج میں مسلح افراد کی طالبات پر فائرنگ 3 زخمی

3 نقاب پوشوں نے پرنسپل کے دفتر میں توڑ پھوڑ اور سی سی ٹی وی کیمرے کو نقصان پہنچایا

طالبات، میمونہ، مریم اور رخسار ہسپتال منتقل، ایک طالبہ کی حالت تشویشناک

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) نوشکی گرلز ڈگری کالج میں 3 مسلح نقاب پوشوں نے گھس کر پرنسپل کے دفتر میں توڑ پھوڑ اور سی سی ٹی وی کیمروں کو توڑ کر فائرنگ کرکے 3 طالبات ...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

کو زخمی کردیا اور فرار ہوگئے۔ پولیس کے مطابق منگل کو نوشکی گرلز ڈگری کالج میں 3 نامعلوم مسلح نقاب پوش ملزمان گھس آئے آتے ہی سی سی ٹی وی کیمروں کو توڑ کر اور پرنسپل کے دفتر میں توڑ پھوڑ کی اور بعد میں طالبات پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں 3 طالبات، میمونہ، مریم اور رخسار زخمی ہوگئیں۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور مقامی انتظامیہ موقع پر پہنچ گئی اور زخمی طالبات کو فوری طور پر میر گل خان نصیر ٹیچنگ ہسپتال نوشکی منتقل کردیا گیا۔

قلعہ سیف اللہ میں قائم منشیات کی فیکٹری سے 1000 کلو چرس برآمد

منشیات فیکٹری پولیس اہلکار کے بھائی کی ہے جسے موقع سے گرفتار کرلیا گیا، پولیس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) قلعہ سیف اللہ پولیس نے منشیات کی فیکٹری پر کارروائی کرتے ہوئے 1000 کلو چرس برآمد کرکے اسے تلف کردیا اور موقع سے پولیس اہلکار کے بھائی سمیت 2 افراد کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ایس پی قلعہ سیف اللہ عمران رزاق اور قائمقام ایس پی حاجی زمری کی نگرانی میں پولیس نے اے ٹی ایف اور دیگر عملے کے ہمراہ چوپہ پت خیل میں پولیس اہلکار اور اس کے بھائی کی فیکٹری پر کارروائی کرتے ہوئے .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

1000 کلو خام چرس برآمد کرکے تلف کردی اور موقع سے پولیس اہلکار کے بھائی سمیت 2 افراد کو گرفتار کرکے کارروائی شروع کردی۔

کوئٹہ فائرنگ کے تبادلے کے بعد ملزم زخمی حالت میں گرفتار، مسروقہ موٹر سائیکل برآمد

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) قائد آباد پولیس نے فائرنگ کے تبادلے کے بعد ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کرکے مسروقہ موٹر سائیکل اور پسٹل برآمد کرلیا۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل اور ایس پی قائد آباد علی رضا کی ہدایت پر ڈی ایس پی اسحاق علی چنگیزی کی سربراہی میں ایس ایچ او کامران بھٹی اور دیگر عملے نے کارروائی کرتے ہوئے فائرنگ کے تبادلے کے بعد حکمت اللہ سکنہ مشرقی بائی پاس کو زخمی حالت میں گرفتار کرکے اس کے قبضے سے مسروقہ موٹر سائیکل اور پسٹل برآمد کرلئے ملزم کو ہسپتال منتقل کردیا گیا مزید کارروائی پولیس کررہی ہے۔

CS CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 28 OCT 2026 Page No. 20

کوئٹہ اسٹیورٹ روڈ بلوچ کالونی میں صفائی کا فقدان، جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر

صفا کوئٹہ کا عملہ مہینوں غائب، مکین اپنی مدد آپ کے تحت صفائی پر مجبور، ایڈمنسٹریٹر سے نوٹس لینے کا مطالبہ

کوئٹہ (پ ر) اسٹیورٹ روڈ بلوچ کالونی نمبر 2 کے کارنر پر واقع میونسپل کارپوریشن کے خالی پلاٹ سمیت گلیوں میں کچرے اور گندگی کے ڈھیر لگ گئے، جس کے باعث علاقے میں تعفن پھیل رہا ہے۔ اہل علاقہ کے مطابق صفا کوئٹہ کا عملہ مہینوں علاقے کا رخ نہیں کرتا، جس کے باعث مکین اپنی مدد آپ کے تحت صفائی کرنے پر مجبور ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ صفائی کی صورتحال سے متعلق متعدد بار متعلقہ ایم پی اے کے نوٹس میں بھی مسئلہ لایا گیا، تاہم کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ اہل علاقہ نے ایڈمنسٹریٹر میونسپل کارپوریشن سے اپیل کی ہے کہ خالی پلاٹ اور گلیوں سے کچرا باقاعدگی سے اٹھانے کے احکامات جاری کیے جائیں تاکہ علاقے کو گندگی اور تعفن سے نجات مل سکے۔

سوراب میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے شہری پریشان، کاروبار اور تعلیم متاثر

بجلی کی بار بار بندش پر عوام کا احتجاج، منتخب نمائندوں اور حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

سوراب (نامہ نگار) سوراب میں بجلی کی بار بار بندش اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے باعث شہریوں کی روزمرہ زندگی، کاروبار اور طلبہ کی تعلیم شدید متاثر ہو رہی ہے۔ عوامی حلقوں کے مطابق بجلی کی غیر یقینی فراہمی نے شہریوں کو ذہنی اور مالی مشکلات سے دوچار کر رکھا ہے، جبکہ مسئلے کے حل کے لیے موثر اقدامات دکھائی نہیں دے رہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ باقاعدگی سے بجلی کے بل ادا کرنے کے باوجود انہیں بنیادی سہولت سے محروم رکھا جا رہا ہے۔ انہوں نے منتخب نمائندوں، واپڈا حکام، ضلعی انتظامیہ اور صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ بجلی کے بحران کا فوری نوٹس لیا جائے، غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ ختم کی جائے اور بجلی کی فراہمی بہتر بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 28 OCT 2026 Page No. 01

حکومت کی درآمد شدہ گندم کی تقسیم میں بلوچستان کا حصہ غائب!

بلوچستان فلور ملز ایسوسی ایشن کے چیئرمین عبدالواحد بڑیچ نے صوبے میں آٹے اور گندم کے سنگین بحران پر حکومت کی غفلت اور عدم توجہی پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں آٹا سستا اور عام آدمی کی پہنچ میں لانا حکومت کی ذمہ داری ہے۔لیکن صوبائی حکومت اس معاملے میں بالکل سنجیدہ نظر نہیں آرہی جس کے باعث غریب عوام سستے آٹے کی سہولت سے محروم ہو چکے ہیں۔انہوں نے دیگر صوبوں کا موازنہ کرتے ہوئے کہا کہ تمام دوسرے صوبے اپنی سطح پر گندم کا بہتر بندوبست کر رہے ہیں اور باہر سے گندم لا رہے ہیں جب کہ بلوچستان واحد صوبہ ہے جو نہ خود گندم خرید رہا ہے اور نہ ہی عوام کو کسی قسم کا ریلیف فراہم کر رہا ہے انہوں نے انکشاف کیا کہ حکومت کی جانب سے درآمد شدہ گندم کی تقسیم میں بھی پنجاب، سندھ اور خیبر پختونخوا کو تو حصہ دیا گیا لیکن بلوچستان کو اس سے مکمل طور پر محروم رکھا گیا ہے۔فلور ملز ایسوسی ایشن کے مطابق صوبائی محکمہ خوراک کے پاس نہ گندم خریدنے کے لیے درکار فنڈز ہیں اور نہ ہی اس بحران سے نمٹنے کے لیے ان کے پاس باقاعدہ کوئی پلان موجود ہے۔صوبائی حکومت محکمہ خوراک کو فنڈز اور اجازت فراہم نہیں کرتی اور اس طرح گندم کے نرخ سستے نہیں ہوتے۔اس وقت تک بحران کا خاتمہ ممکن نہیں۔ایسوسی ایشن نے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ صوبائی حکومت فوری طور پر پاسکو اور دیگر ذرائع سے گندم کی فراہمی کو یقینی بنائے تاکہ موجودہ مہنگائی کے دور میں بلوچستان کے غریب عوام کو ریلیف فراہم کیا جا سکے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ حکومت کی جانب سے درآمد شدہ گندم کی تقسیم میں بلوچستان کے حصے کو غائب کرنا قابل مذمت اقدام ہے اور اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ بلوچستان کے ساتھ ہر معاملے میں زیادتی کی جارہی ہے۔یہ سراسر صوبے اور اس کے عوام کے ساتھ بہت بڑی زیادتی کے مترادف اقدام ہے کیونکہ اس سے بلوچستان میں گندم ناپید ہوگئی ہے جس کے باعث آٹے کی قیمتیں بہت ہی زیادہ ہوگئی ہیں۔اس ضمن میں صوبائی حکومت کی جانب سے ممکنہ تعاون نہ کرنا بھی افسوس ناک بات ہے۔حکومت اور متعلقہ اداروں کو ایسا ہرگز نہیں کرنا چاہیئے۔اس کو صوبے میں گندم کی ترسیل کے لیے محکمہ خوراک کو باقاعدہ فنڈز مہیا کرنے چاہئیں تاکہ وہ گندم کا بندوبست کر سکے۔پاسکو اور دیگر ذرائع سے بھی گندم کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔محکمہ خوراک کو اس سلسلے میں اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے گندم کے بحران کے خاتمے کے لیے اقدامات کرنے چاہئیں۔جو کہ بقول بلوچستان فلور ملز ایسوسی ایشن کے چیئرمین عبدالواحد بڑیچ کے وہ نہیں کر پا رہے جس کی سزا غریب عوام کو مل رہی ہے۔مہنگائی کے اس دور میں ان کو سوکھی روٹی سے بھی محروم کیا جا رہا ہے جو کہ محکمہ خوراک اور متعلقہ حکام کی کارکردگی پر ایک بہت بڑا سوالیہ نشان ہے؟۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ بلوچستان کو اس کے حصے کی گندم فوری طور پر فراہم کرنے کے لیے احسن اقدامات کرنے چاہئیں اس ضمن میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو اس اہم مسئلے کا خود نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ حکام کو سخت ہدایات جاری کرنی چاہئیں کہ وہ صوبے میں آٹے کے بحران کو ختم کرنے کے لیے اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے نبھائیں۔اس سلسلے میں غفلت اور سستی کا مظاہرہ کرنے والے حکام کے خلاف سخت کارروائی کرنی چاہیئے جو کہ اس اہم مسئلے کو حل کرنے کے لیے انتہائی ناگزیر ہے۔کیونکہ آٹا ہر شہری کی بنیادی ضرورت ہے اور ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس اہم ضرورت کو پورا کرنے کے لیے عملی اقدامات کرے کیونکہ یہ نہایت ہی ضروری ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 28 OCT 2026 Page No. 22

Alarming surge in crimes

There has been a sharp increase in street crimes in Quetta, causing serious concern among residents and raising questions about the effectiveness of law enforcement agencies in maintaining law and order. Incidents of killing, armed robbery, mugging and snatching have made citizens increasingly insecure, while the failure to control criminal activities has added to their difficulties. The government must recognise that protecting the lives and property of citizens is its primary responsibility and take immediate steps to address this growing menace.

The rising number of street crimes reflects a combination of factors, including unemployment, poverty, economic instability and inadequate security arrangements.

The lack of police visibility in vulnerable areas and the absence of effective community policing have also created opportunities for criminals to operate with relative ease. It is alarming that despite the presence of police, Levies and other law enforcement agencies, armed criminals continue to threaten citizens on city streets and national highways.

The authorities must investigate the reasons behind this situation and ensure that those responsible are brought to justice.

The provincial government should introduce a comprehensive strategy to combat street crimes in Quetta and other parts of Balochistan. Police patrols must be increased, particularly in crime-prone localities, commercial centres, crowded markets and major roads. A systematic hotspot policing mechanism should be introduced to identify vulnerable areas and deploy personnel accordingly.

The installation of surveillance cameras, improvement of intelligence gathering and prompt investigation of reported incidents can also help prevent crimes and facilitate the arrest of offenders.

Law enforcement agencies must be properly equipped, trained and held accountable for their performance.

At the same time, the government must address the socioeconomic conditions that contribute to criminal activities. Growing poverty and unemployment have deprived many young people of opportunities to earn a respectable livelihood.

The establishment of small industries, promotion of agriculture, expansion of technical and vocational training, and provision of soft loans to young entrepreneurs could create employment opportunities and encourage productive activities. Investment in the youth is essential for building a peaceful and prosperous society.

Restrictions and prolonged disruptions in border business have intensified unemployment and economic hardship in many districts. Facilitating lawful trade under appropriate regulations would help revive local economies and reduce financial pressures on vulnerable communities.

Successful crime prevention models adopted by effective police forces elsewhere should be adapted to local conditions. Close cooperation between law enforcement agencies and residents, timely action against criminal gangs and consistent implementation of the law are indispensable.